بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

# واقفیتِ عامہ

# General Knowledge

## جماعت اوّل

downloaded from https://infohubprocessissed.com/

یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق

## ایک قوم، ایک نصاب

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بُک بورڈ، لاہور

Scanned with CamScanner

یہ کتاب یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق اور قومی نظر ثانی کمیٹی کی منظور کردہ ہے۔
جملہ حقوق بحق پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور محفوظ ہیں۔
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

تجرباتی ایڈیشن

## فہرست عنوانات


| نمبر شمار | باب کا عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | میرا تعارف | 1 |
| 2 | میرا جسم | 5 |
| 3 | صحت و صفائی | 9 |
| 4 | میرا خاندان اور میرے دوست | 15 |
| 5 | کھیل اور قوانین | 21 |
| 6 | ہمارا علاقہ | 24 |
| 7 | عبادت گاہیں | 28 |
| 8 | ہمارا پیارا وطن پاکستان | 31 |
| 9 | میرا سکول | 35 |
| 10 | ذرائع آمد و رفت | 38 |
| 11 | ٹریفک قوانین | 42 |
| 12 | اچھے اخلاق اور عادات | 46 |
| 13 | پودے اور جانور | 49 |
| 14 | زمین اور آسمان | 57 |


Downloaded from https://infohubhomsissed.com/

مصنف: طاہر محمود (رکن یکساں نصاب کمیٹی، ماہر تربیت اساتذہ)
ڈاکٹر عبداللہ فیصل   نگران: محمد انور ساجد
عائشہ صادق   : علیم الرحمٰن   السٹریٹر: آیت اللہ   کمپوزنگ: عمیر طارق
مطبع: بی۔ آئی پرنٹرز، راولپنڈی۔

| اشاعت | تاریخ اشاعت | ایڈیشن | PMIU | PEIMA | LNFBE | Literacy(TSKL) | تعداد اشاعت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اول | مارچ 2021ء | تجرباتی | 800,000 | 130,649 | 115,540 | 20,000 | 10,66,189 |

پہلا باب

# میرا تعارف

## حاصلاتِ تعلّم

**اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:**

- اپنا مختصر تعارف کروا سکیں مثلاً اپنا نام، عمر، پسندیدہ کھیل اور پسندیدہ کھانے بتا سکیں اور یہ بھی کہ بڑے ہو کر وہ کیا بننا چاہتے ہیں۔
- اپنی اور دوسروں کی اچھی خصوصیات کی نشان دہی کر سکیں (سچ بولنا، بڑوں کی عزّت کرنا اور ان کا کہنا ماننا، صبح جلدی جاگنا وغیرہ)۔
- دوسروں کی اچھی عادات کے متعلق جان سکیں۔
- پسند کی بنیاد پر یہ جان سکیں کہ آپ کس طرح ایک جیسے اور کس طرح ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

downloaded from https://informationsea...d.com/



میرا نام عبداللہ ہے۔
میں پانچ سال کا ہوں۔
میں پہلی جماعت میں پڑھتا ہوں۔



مجھے دودھ پینا پسند ہے۔
مجھے سیب اور آم بہت اچھے لگتے ہیں۔
مجھے فُٹ بال کھیلنا پسند ہے۔
میں بڑا ہو کر ڈاکٹر بنوں گا۔



Scanned with CamScanner



میرا نام سیما ہے۔

میں چھے سال کی ہوں۔

میں پہلی جماعت میں پڑھتی ہوں۔

مجھے پھلوں کا رَس پسند ہے۔

مجھے بادام بہت اچھے لگتے ہیں۔

مجھے ہاکی کھیلنا اچھا لگتا ہے۔

میں بڑی ہو کر پائلٹ بنوں گی۔

## اپنے بارے میں بتائیں:

1. میرا نام ---------------- ہے۔
2. میری عمر ---------- سال ہے۔
3. میں ------- جماعت میں ہوں۔
4. میرے والد کا نام ---------------- ہے۔
5. میری امی مجھ سے --------- کرتی ہیں۔
6. میرے --------- بہن بھائی ہیں۔
7. میرا پسندیدہ کھیل ---------------- ہے۔
8. مجھے کھانے میں --------- اور --------- پسند ہیں۔
9. میری خواہش ہے کہ میں بڑے ہو کر ---- بنوں۔



**برائے اساتذہ:**
طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ ایک دوسرے کو اپنا تعارف کرائیں۔

Not For Sale - PESRP



Scanned with CamScanner

# میری اچھّی عادات



صبح اور شام دانت صاف کرنا



گھر کے کاموں میں ہاتھ بٹانا

## میرے دوستوں کی اچھّی عادات



کچرا کُوڑے دان میں ڈالنا



دوستوں کا خیال رکھنا




اپنے دوستوں کو اپنی اچھّی عادات کے بارے میں بتائیں اور ان کی اچھّی عادات سے متعلق بھی جانیں۔

downloaded from https://infohubh



Scanned with CamScanner



# آؤ مل کر سوچیں


درست انتخاب پر دائرہ لگائیں۔

- ہمیں صبح ـــــــــــــ اٹھنا چاہیے۔    جلدی    دیر سے
- کوڑے کو ـــــــــــــ ڈالنا چاہیے۔    سڑک پر    کوڑے دان میں
- بات کرتے وقت اپنی ـــــــــــــ کا انتظار کرنا چاہیے۔    مرضی    باری

downloadedfrom https://infohubhrmssissd.com/

ایک دوسرے کی پسند کے بارے میں جانیے اور نیچے کالم میں دی گئی چیزوں کے متعلق لکھیں۔

| خصوصیات | میرا پسندیدہ | دوست کا پسندیدہ |
|---|---|---|
| رنگ | | |
| موسم | | |
| پھل | | |
| لباس | | |
| جانور | | |
| کھیل | | |



**زبانی بتائیے:**

اپنے ہم جماعتوں کو بتائیں کہ آپ کس انداز میں اپنے دوست جیسے ہیں اور کس انداز میں اُس سے مختلف ہیں۔



Not For Sale - PESRP

Scanned with CamScanner


## دوسرا باب

# میرا جسم

### حاصلاتِ تعلّم

اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- انسانی جسم کے اہم اعضا کے نام بتا سکیں (آنکھیں، ناک، کان، منھ، ہاتھ، بازو، پاؤں اور ٹانگیں)۔
- جسم کے مختلف اعضا کے کاموں کے متعلق جان سکیں۔
- پانچ حسوں (Senses) کے نام بتا سکیں۔
- ان اعضا کی نشان دہی کر سکیں جو چکھنے، چھونے، سونگھنے، سننے اور دیکھنے میں مدد کرتے ہیں۔
- پانچوں حسوں کے متعلق بیان کرنے کے طریقے جان سکیں (چکھنا: میٹھا، کھٹا، کڑوا، نمکین چھونا: ملائم، سخت، نرم، کھردرا، ٹھنڈا، گرم سننا: اونچا، دھیما، کم، زیادہ دیکھنا: روشن، مدھم اور رنگوں کی پہچان سونگھنا: خوشبو، بدبو)۔




ہمارے ہاتھ اور بازو ہمیں بہت سے کام کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

اسی طرح ہماری ٹانگیں اور پاؤں ہمیں چلنے اور دوڑنے میں مدد دیتے ہیں۔

Not For Sale - PESRP

# ہماری حِسّیں

ہماری پانچ حِسّیں ہیں: دیکھنا سُننا سُونگھنا چُھونا چکھنا


ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔ (روشن، مدھم، نیلی، پیلی، سبز، سُرخ وغیرہ)


ہم اپنے کانوں سے سُنتے ہیں۔ (لوگوں کی آوازیں، گاڑیوں کا شور، سکول کی گھنٹی)


ہم اپنی ناک سے سُونگھتے ہیں۔ (پھولوں کی خوشبو، کچرے کی بدبو)


ہم اپنے ہاتھوں سے چُھوتے ہیں۔ (سخت، جیسے میز۔ کھُردری، جیسے درخت کی چھال۔ نرم، ملائم)


ہم اپنی زبان سے ذائقہ چکھتے ہیں۔ (میٹھا جیسے شہد، کھٹّا جیسے لیموں، نمکین، کڑوا)




سوچیں اور درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| شام کے وقت چیزیں کیسی نظر آتی ہیں؟ | روشن | مدھم |
| دن کے وقت آسمان کیسا نظر آتا ہے؟ | نیلا | کالا |
| ٹیلی وژن، تیز آواز میں سُننا کیسا لگتا ہے؟ | اچھّا | بُرا |
| میز چُھونے میں کیسا لگتا ہے؟ | سخت | نرم |
| چینی کا ذائقہ کیسا لگتا ہے؟ | میٹھا | کھٹّا |




Not For Sale - PESRP

Scanned with CamScanner

## سرگرمی:

جسم کے اعضا کی تصویر کو متعلقہ حسوں سے ملائیں۔

| | |
|---|---|
|  | دیکھنا |
|  | سُونگھنا |
|  | سُننا |
|  | چُھونا |
|  | چکھنا |

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

**برائے اساتذہ:**

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اپنے جسم کے اعضا کے نام بتائیں۔
پانچ حسوں کے متعلق بچوں کو مزید تفصیل سے آگاہ کریں۔



Scanned with CamScanner

## سرگرمی:

- سکول کے مختلف حصوں میں جائیں اور نوٹ کریں کہ آپ نے کون سی چیزیں دیکھیں، سنیں یا محسوس کیں۔
- اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر ان چیزوں کی تصویریں بنائیں جو آپ نے دیکھیں یا جن کی خوشبو محسوس کی۔
- اپنے ہم جماعتوں کو بتائیں کہ آپ نے کیا دیکھا، سُنا یا محسوس کیا۔

downloaded from https://infohubmississeu.com/

### ذرا سوچیے!

اگر ہم دیکھ، بول یا سُن نہ سکتے تو ہمیں کیسا محسوس ہوتا؟

جو لوگ دیکھ، بول یا سُن نہیں سکتے ہم ان کی مدد کیسے کر سکتے ہیں؟






Scanned with CamScanner

تیسرا باب

# صحت وصفائی

### حاصلاتِ تعلّم

**اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:**

- خود کو صاف ستھرا رکھنے کے طریقوں سے آگاہ ہو سکیں (کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونا، بیت الخلا استعمال کرنے کے بعد صابن سے ہاتھ دھونا، ناخن کاٹنا، دانتوں کی روزانہ صفائی، باقاعدگی سے نہانا وغیرہ)۔
- اپنی صحت برقرار رکھنے کے لیے اپنے جسم، لباس اور ماحول کی صفائی کی اہمیت جان سکیں۔
- جان سکیں کہ جراثیم بیماریاں پھیلاتے ہیں اور ان سے بچاؤ کے طریقوں کے متعلق بتا سکیں۔
- غیر صحت مندانہ عادات کے متعلق جان سکیں جو بیماریوں (زکام اور پیٹ کی بیماریاں وغیرہ) کا سبب بنتی ہیں۔

## صحت مند جسم، صحت مند دماغ

کیا آپ جانتے ہیں کہ ہمیں اپنے آپ کو صحت مند رکھنے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

جی ہاں! ہمیں خود کو ہمیشہ صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔

آئیے مل کر جانتے ہیں کہ ہم خود کو صاف ستھرا کیسے رکھ سکتے ہیں۔



**برائے اساتذہ:**

طلبہ کو بتائیں کہ صفائی کے فائدے کیا ہیں۔





Scanned with CamScanner



میں اپنے ہاتھوں کو صاف رکھتی ہوں۔ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں صابن سے ہاتھ دھونا مجھے جراثیم سے محفوظ رکھتا ہے۔

میں باقاعدگی سے نہاتی ہوں تاکہ بیماریوں سے محفوظ رہ سکوں۔

کیا آپ بھی ایسا کرتے ہیں؟

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

ہاتھ دھوتے وقت ہمیں ان باتوں کا خیال رکھنا چاہیے:

1

صابن اور پانی

2

ہتھیلی سے ہتھیلی

3

انگلیوں کے درمیان



4

انگوٹھوں پر دھیان

5

ہاتھوں کی پشت پر

6

کلائیوں پر دھیان



Scanned with CamScanner



میں اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے ناخن باقاعدگی سے تراشتا ہوں۔ بڑھے ہُوئے ناخن ہمیں بیمار کر سکتے ہیں۔ میں صاف سُتھرے کپڑے پہنتا ہوں اور اپنے گھر اور کمرۂ جماعت کو بھی صاف رکھتا ہوں۔

downloaded from https://infohubhm ssed.com/

**کیا آپ بھی ایسا کرتے ہیں؟**

**زبانی بتائیے:**

1. آپ خود کو کیسے صاف رکھتے ہیں؟
2. اپنے دوستوں کو بتائیں کہ صاف سُتھرا نہ رہنے کا نتیجہ کیا ہو سکتا ہے؟

**سرگرمی:**

بچوں کو بتائیں کہ اپنے ہاتھوں کو دھونے اور دانت صاف کرنے کے لیے کون سے طریقے اختیار کرتے ہیں؟

**برائے اساتذہ:**

صفائی کے عملی مظاہرے کے لیے طلبہ کی مدد کریں۔



Scanned with CamScanner

# بیماریوں کے اسباب اور بچاؤ

بیماریاں جراثیم کے ذریعے پھیلتی ہیں۔ جراثیم اتنے چھوٹے ہوتے ہیں کہ ہمیں نظر نہیں آتے۔ یہ گندے ہاتھوں، لباس، خوراک اور دوسری چیزوں پر موجود ہوتے ہیں۔ یہ ہمارے جسم میں داخل ہو کر ہمیں نزلہ، زُکام اور ایسی ہی دیگر بیماریوں میں مبتلا کر سکتے ہیں، تو پھر ہمیں ان سے بچنے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

downloaded from https://infohubhrmssisso.com

جسم اور لباس کی صفائی



جلدی سونا اور جلدی اُٹھنا



ورزش



اچھی غذا






**برائے اساتذہ:**
جراثیم کے پھیلاؤ کے متعلق طلبہ کو کوئی دستاویزی فلم دکھائیں۔



Scanned with CamScanner

1


2


3


4


downloaded from https://infohubhrmsissed.com

دی گئی تصاویر میں آپ کو کون سی اچھی عادات نظر آ رہی ہیں۔ نیچے ہر عادت کے سامنے اس تصویر کا نمبر لکھیں۔

- دانت صاف کرنا ☐
- ہاتھوں کو صابن سے دھونا ☐
- صبح جلدی اٹھنا ☐
- صحت بخش کھیل کھیلنا ☐



**سرگرمی:**

کیا آپ کبھی غیر صحت مند ماحول یا غذا کی وجہ سے بیمار ہوئے ہیں؟ اپنے دوستوں کو اس کے متعلق بتائیں۔



Scanned with CamScanner

**سرگرمی:**

صحت مند زندگی کے لیے ضروری کاموں پر (✓) کا نشان لگائیں۔

- پینے کے لیے صاف پانی کا استعمال ☐
- روزانہ ورزش کرنا ☐
- مٹی میں کھیلنا ☐
- دانت صاف کرنا ☐
- کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا ☐
- ناخنوں کو بڑھانا ☐
- پھل اور سبزیاں کھانا ☐
- دیر سے سونا ☐

downloaded from https://infohubforumss...

**برائے اساتذہ:**

کرونا اور اس جیسے دیگر جراثیم سے بچاؤ کے لیے بچوں کو احتیاطی تدابیر سے آگاہ کریں۔





Scanned with CamScanner

# چوتھا باب — میرا خاندان اور میرے دوست

## حاصلاتِ تعلم

**اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:**

- اپنے خاندان کے افراد کو پہچان سکیں (والدین، بہن بھائی، دادا دادی، نانا نانی، چچا اور چچی، ماموں اور ممانی، کزن وغیرہ)۔
- یہ سمجھ سکیں کہ ہمیں اپنے رشتے داروں اور دوستوں کا احترام کرنا چاہیے۔
- اپنے چند دوستوں کی خاص عادات کی نشان دہی کر سکیں۔
- ان کاموں کے متعلق بات چیت کر سکیں جو آپ کے والدین اپنے بچپن میں آج سے مختلف انداز میں کرتے تھے۔

downloaded from https://mrinfohubmississeu.com/


میرا نام سیما ہے۔ یہ میرا بھائی عبداللہ ہے۔





Scanned with CamScanner

# میرا خاندان




میں اپنے گھر والوں سے پیار کرتی ہوں۔



Not For Sale - PESRP

Scanned with CamScanner

# ہمارا خاندان

ہمارے گھر میں ابّو اور امّی کے علاوہ دادا اور دادی بھی ہمارے ساتھ رہتے ہیں۔ ہم ان سب کا بہت ادب کرتے ہیں۔ ہم اکثر اپنے نانا اور نانی کے گھر بھی جاتے ہیں۔ وہاں ہماری خالہ، ماموں، ممانی اور ان کے بچّے رہتے ہیں۔ ہم وہاں خوب مزّے کرتے ہیں۔ میرے چچا، چچی اور ان کے بچّے بھی ہمارے گھر آتے ہیں۔ ہم تمام گھر والے مِل کر پکنک پر بھی جاتے ہیں۔

ہم اپنے تمام رشتہ داروں کا اِحترام کرتے ہیں اور ان کا کہنا مانتے ہیں۔



میرے نانا اور نانی جان

**سرگرمی:**

- اپنے ہم جماعتوں کو بتائیں کہ آپ کے گھر میں کون کون رہتا ہے۔
- اپنے خاندان کے متعلق بتائیں:

میرے دادا کا نام ________ میرے چچا کا نام ________

میری نانی کا نام ________ میرے ماموں کا نام ________



Scanned with CamScanner

## سرگرمی:

رشتہ داروں کی پہچان کریں:

| | |
|---|---|
| ● ابو کے ابو | ● نانا |
| ● ابو کی امی | ● نانی |
| ● ابو کی بہن | ● چچا |
| ● ابو کے بڑے بھائی | ● پھوپھی |
| ● ابو کے چھوٹے بھائی | ● خالہ |
| ● امی کی امی | ● ماموں |
| ● امی کے ابو | ● تایا |
| ● امی کی بہن | ● دادا |
| ● امی کے بھائی | ● دادی |

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

Not For Sale - PESRP




Scanned with CamScanner

# میرے دوست



میرے محلّے اور سکول میں بہت سے دوست ہیں۔ ہم ایک دوسرے کی عزّت کرتے ہیں اور ضرورت کے وقت ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔ میرے دوست اچھّی اچھّی باتیں کرتے ہیں۔ وقت پر پڑھتے اور وقت پر کھیلتے ہیں۔ وہ کسی کی چیز بغیر پوچھے نہیں لیتے۔ وہ خود بھی صاف ستھرے رہتے ہیں اور اپنے اردگرد کی چیزوں کو بھی صاف ستھرا رکھتے ہیں۔ ہم سب اپنے ملک پاکستان سے بہت پیار کرتے ہیں۔



**زبانی بتائیے:**

آئیے! اپنے دوستوں کے متعلق بات چیت کریں:

میرے سکول کے دوست:------------------------------------

میرے محلّے کے دوست:------------------------------------

میرے دوستوں کی اچھّی عادات:------------------------------------



Scanned with CamScanner

# میرے ابو امی کا بچپن

پیارے دوستو! ہمارا بچپن ہمارے ابو امی کے بچپن سے بہت مختلف ہے۔ میں نے اپنے والدین سے ان کے بچپن کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے بتایا:

> ہمارا دور آج کے دور سے کافی مختلف تھا۔ ان دنوں اتنی زیادہ گاڑیاں نہیں ہوتی تھیں۔ زیادہ تر بچے پیدل یا سائیکل پر سکول جاتے تھے۔ ٹیلی وژن موجود تھا مگر اس پر صرف ایک یا دو چینل ہی آتے تھے۔ موبائل فون اور انٹرنیٹ نہ تھے۔ معلومات کا اہم ذریعہ کتابیں ہوا کرتی تھیں ۔ زیادہ تر بچوں کا پسندیدہ مشغلہ کتابیں پڑھنا تھا۔ مشینیں زیادہ نہ تھیں ، اس لیے زیادہ تر کام ہاتھ سے ہی کیا جاتا تھا۔



**سرگرمی:**

اپنے والدین یا کسی دوسرے بزرگ سے پوچھیں کہ ان کا بچپن کیسا تھا۔ اپنے ہم جماعتوں کو اس کے متعلق آگاہ کریں۔

**برائے اساتذہ:**

طلبہ کو بتائیں کہ والدین، اساتذہ اور بزرگوں کا احترام بہت ضروری ہے۔ اسی طرح دوستوں اور رشتہ داروں کی عزّت بھی ہم سب پر فرض ہے۔





Not For Sale - PESRP

Scanned with CamScanner

پانچواں باب

# کھیل اور قوانین

## حاصلاتِ تعلم

اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اپنے پسندیدہ کھیلوں کے نام بتا سکیں۔
- کھیلوں اور گروہی سرگرمیوں کے ذریعے مل جل کر کام کرنے کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- قوانین کی تعریف کر سکیں اور ان پر عمل کرنے کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- کھیلتے وقت کھیل کے قوانین کو جان سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔
- اچھی صحت کے لیے کھیلوں اور ورزش کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔

downloaded from https://informationbrmssissind.com/

ہم ہر روز شام کو کھیل کے میدان میں جاتے ہیں۔ وہاں بچے بہت سے کھیل کھیلتے ہیں۔ کوئی کرکٹ کھیلتا ہے تو کوئی والی بال۔ کسی کو ہاکی پسند ہے تو کوئی بیڈمنٹن کھیلتا ہے۔ مجھے فُٹ بال بہت پسند ہے۔





Scanned with CamScanner

# آپ کا پسندیدہ کھیل کون سا ہے؟



ہاکی



کرکٹ



فُٹ بال



بیڈمنٹن

downloaded from https://i...com/

Not For Sale - PESRP



Scanned with CamScanner

## پیارے بچو!

کھیل ہماری صحت کے لیے بہت ضروری ہیں۔ یہ ہمیں مل جل کر کام کرنے کا سبق دیتے ہیں۔ یاد رہے کہ کھیل کے قوانین پر عمل کرنا ضروری ہے۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ کھیل کے قوانین کیا ہوتے ہیں؟


## کھیل کے قوانین:

ہر کھیل کے کچھ قوانین ہوتے ہیں جن پر عمل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ کسی بھی کھیل کے دوران ایمان داری سب سے اہم ہوتی ہے۔ قوانین پر عمل کرتے ہوئے جیتنے سے خوشی ملتی ہے۔ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ کامیابی محنت ہی سے حاصل ہوتی ہے۔

downloaded from https://

**آپ کھیل کے دوران نیچے بیان کی گئی باتوں میں سے کن کا خیال رکھتے ہیں؟**

| | |
|---|---|
| اپنی باری کا انتظار کرنا | کھیل کے دوران ایک دوسرے کی مدد کرنا |
| ریفری کی بات ماننا | ہار کو کھلے دل سے تسلیم کرنا |



**زبانی بتائیے:**

آپ کا پسندیدہ کھیل کون سا ہے؟ اس کھیل کے کوئی سے تین قوانین بتائیں۔



**برائے اساتذہ:**

اساتذہ اپنی نگرانی میں بچوں کو مختلف کھیلوں میں شامل کریں۔



Scanned with CamScanner

چھٹا باب

# ہمارا علاقہ


## حاصلاتِ تعلم

اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- یہ جان لیں کہ کئی خاندان مل کر جس جگہ رہتے ہیں اسے محلہ کہتے ہیں۔
- اپنے محلے کے متعلق بتا سکیں (لوگ، دکانیں، گلیاں، کھیت، کھیل کے میدان، پارک وغیرہ)۔
- ایک محلے کے تصویری نقشے پر اہم مقامات کی نشان دہی کر سکیں۔
- مختلف اقسام کے گھروں (بنگلہ، فلیٹ، جھونپڑی وغیرہ) کی نشان دہی کر سکیں۔
- اپنے گھر کے متعلق بتا سکیں۔
- ان چیزوں کی نشان دہی کر سکیں جو کسی علاقے کی صفائی یا گندگی کی وجہ ہو سکتی ہیں۔
- اپنے گھروں اور محلے کو صاف ستھرا رکھنے کے طریقوں کو جان سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔

downloaded from https://informubhrmsssed.com/

یہ میرا گھر ہے، یہاں میں اپنے گھر والوں کے ساتھ رہتا ہوں۔





Scanned with CamScanner

# ہمارا محلہ

گھر کئی طرح کے ہوتے ہیں۔



پختہ گھر



کچا گھر



جھونپڑی



فلیٹ

ہمارے گھر کے قریب رہنے والے لوگ ہمارے پڑوسی کہلاتے ہیں۔ ہمارے پڑوسی بہت اچھے ہیں۔ وہ خوشی اور غم میں ایک دوسرے کا ساتھ دیتے ہیں۔ ہمارے گھر کے قریب ہی مارکیٹ ہے، جس میں بہت سی دکانیں ہیں۔ قریب ہی کھیل کا میدان ہے جہاں ہم شام کے وقت کھیلنے جاتے ہیں۔ جہاں کئی خاندان مل کر رہتے ہوں اسے محلہ کہتے ہیں۔




**زبانی بتایئے:**

اپنے پڑوس کے بارے میں بتایئے۔ آپ کے پڑوس میں کون کون سی اہم چیزیں ہیں؟



Scanned with CamScanner

# سارہ کا محلّہ




**پیارے بچو!**

کیا آپ اس نقشے میں سارہ کے محلّے میں موجود دو اہم عمارتوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

**سرگرمی:** اپنے محلّے میں موجود اہم عمارتوں کی نشان دہی کریں۔

## صحیح کام کے سامنے (✓) کا نشان لگائیں:

| | |
|---|---|
| گھر کا کوڑا کوڑے دان میں ڈالنا ☐ | گلی کی دیواروں پر لکھنا ☐ |
| اپنے گھر اور محلّے کو صاف رکھنا ☐ | گندا پانی باہر گلی میں جمع ہونا ☐ |



Not For Sale - PESRP

Scanned with CamScanner

## سرگرمی:

گھر کی تصویر کو اس کے نام سے ملائیں۔

کچا گھر



فلیٹ



جھونپڑی



پختہ گھر



https://infohubhrmssissed.com/
downloaded from



Scanned with CamScanner

## ساتواں باب


# عبادت گاہیں

### حاصلاتِ تعلم

اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اپنے محلّے یا علاقے میں موجود مسجد کے متعلق جان سکیں کہ وہ مسلمانوں کی عبادت گاہ ہے۔
- دوسرے مذاہب کی عبادت گاہوں کے متعلق جان سکیں (چرچ، مندر، گوردوارہ وغیرہ)۔
- یہ جان سکیں کہ ہمیں تمام مذاہب اور ان کی عبادت گاہوں کا لحاظ کرنا چاہیے۔

downloaded from https://...mssissed.com/



ہمارے گھر کے پاس مسجد ہے۔ مسلمان نماز پڑھنے کے لیے مسجد میں جاتے ہیں۔ مسجد ایک پاک جگہ ہے اور ہم سب کو اس کا احترام کرنا چاہیے۔

دوسرے مذاہب کے لوگ بھی عبادت کے لیے اپنی عبادت گاہوں میں جاتے ہیں۔ کیا آپ کے علاقے میں کسی دوسرے مذہب کے لوگوں کی عبادت گاہ ہے؟ ہمیں تمام مذاہب کی عبادت گاہوں کا لحاظ کرنا چاہیے۔



Scanned with CamScanner



چرچ

مسیحی عبادت کے لیے گرجا گھر (چرچ) جاتے ہیں۔



مندر

ہندو اپنی عبادت گاہ کو مندر کہتے ہیں۔



گوردوارہ

سکھوں کی عبادت گاہ کو گوردوارہ کہا جاتا ہے۔

**سرگرمی:**

اپنے والدین یا کسی بزرگ سے دوسرے مذاہب کی عبادت گاہوں کے بارے میں دریافت کریں۔

**برائے اساتذہ:**

طلبہ کو بتائیں کہ ایک پُرامن معاشرے کے لیے ایک دوسرے کا احترام بہت ضروری ہے۔



https://infohubhrmssissed.com/

Scanned with CamScanner




دیے گئے الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں:

| مسجد | گرجا گھر | لحاظ | مندر | گوردوارہ |
|---|---|---|---|---|

1۔ ہندو عبادت کے لیے ________ جاتے ہیں۔

2۔ سکھوں کی عبادت گاہ کو ________ کہتے ہیں۔

3۔ مسلمان نماز کے لیے ________ جاتے ہیں۔

4۔ مسیحی عبادت کے لیے ________ میں جاتے ہیں۔

5۔ ہمیں تمام مذاہب کے لوگوں اور ان کی عبادت گاہوں کا ________ کرنا چاہیے۔



**زبانی بتایئے:**

کیا آپ کسی دوسرے مذہب سے تعلق رکھنے والے فرد کو جانتے ہیں؟
ان کا لحاظ کیوں ضروری ہے؟



Not For Sale - PESRP

Scanned with CamScanner

# آٹھواں باب

# ہمارا پیارا وطن پاکستان

## حاصلاتِ تعلم

**اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:**

- ہمارے ملک کا پورا نام اور اس کے قیام کی تاریخ بتا سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ ہر ملک کا اپنا ایک جھنڈا ہوتا ہے۔
- پاکستان کا جھنڈا بنا سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ پاکستان کے پرچم کے رنگ، چاند اور ستارا کیا ظاہر کرتے ہیں۔

downloaded from https://infohubbcmsscanned.com/



کیا آپ جانتے ہیں کہ ہمارے ملک کا پورا نام کیا ہے؟

ہمارے ملک کا پورا نام ہے: ''اسلامی جمہوریہ پاکستان''۔

یہ 14 اگست 1947ء کو بنا، اس لیے ہم ہر سال 14 اگست کو جشنِ آزادی مناتے ہیں۔



**زبانی بتائیے:**

آپ کو پاکستان کے کتنے شہروں کے نام معلوم ہیں؟ اپنے ہم جماعتوں کو بتائیے۔



**برائے اساتذہ:**

طلبہ کو بتائیے کہ ہم جشنِ آزادی کس لیے مناتے ہیں۔



Scanned with CamScanner


ہر ملک کا اپنا پرچم ہوتا ہے، جو اس ملک کے وقار کی علامت ہوتا ہے۔ آیئے! مختلف ممالک کے پرچموں پر ایک نظر ڈالیں:




سعودی عرب



ایران




تُرکی



چین




نیپال



ملائیشیا

ہر ملک کے پرچم میں مختلف رنگ اور نشانات کا خاص مطلب ہوتا ہے۔ آیئے پاکستان کے پرچم پر نظر ڈالتے ہیں اور جانتے ہیں کہ اس کے رنگوں، چاند اور ستارا کا کیا مطلب ہے۔





Not For Sale - PESRP

Scanned with CamScanner

پرچم کا سبز رنگ مسلمانوں کی آبادی کو ظاہر کرتا ہے۔ پاکستان میں مسلمانوں کی آبادی تقریباً 97 فی صد ہے۔

پرچم کا سفید رنگ دوسرے مذاہب سے تعلق رکھنے والوں کو ظاہر کرتا ہے۔ پاکستان میں تمام مذاہب کے لوگ امن اور خوش حالی سے رہتے ہیں اور پاکستان کی ترقی کے لیے کام کرتے ہیں۔

پرچم میں سفید رنگ کا چاند ترقی اور پانچ کونوں والا ستارا روشنی اور علم کو ظاہر کرتا ہے۔


downloaded from https://infohubhrmsissed.com

**برائے اساتذہ:**

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ پاکستان کے متعلق مزید معلومات حاصل کریں اور دوسرے طلبہ کو بتائیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ کیا وہ کسی ایسے فرد کو جانتے ہیں جس کا تعلق کسی دوسرے مذہب سے ہے تاکہ پرچم کے سفید رنگ کی اہمیت واضح ہو سکے۔

**سرگرمی:**

پرچم کے رنگ اور اس کی علامات کو اس کے مطلب سے ملائیں۔



| پرچم میں رنگ اور علامت | مطلب |
|---|---|
| سبز رنگ | دیگر مذاہب کے پاکستانی |
| سفید رنگ | ترقی |
| چاند | روشنی اور علم |
| ستارا | مسلمان آبادی |




Scanned with CamScanner

## سرگرمی:


1. ہمارے ملک کا پورا نام کیا ہے؟

2. ہم کس تاریخ کو جشنِ آزادی مناتے ہیں؟

3. پاکستان کے پرچم میں رنگ بھریں۔



4. آزاد جموں وکشمیر کے پرچم میں رنگ بھریں۔



downloaded from https://infohubbhrmssissed.com/



Scanned with CamScanner

# میرا سکول

## حاصلاتِ تعلّم

اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اپنے سکول کا نام اور پتا بتا سکیں۔
- اپنے سکول میں ملنے والے لوگوں (اساتذہ، طلبہ، ہیڈ ماسٹر/ ہیڈ مسٹریس اور دیگر عملہ) کو پہچان سکیں۔
- سکول میں کی جانے والی مختلف سرگرمیوں کے متعلق بیان کر سکیں۔
- یہ سمجھ سکیں کہ قوانین کا احترام کرنا کیوں اہم ہے۔
- سکول اور کمرۂ جماعت کے قوانین کے متعلق بتا سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔
- تنوع (Diversity) کو سمجھ سکیں کہ سکول میں مختلف مذاہب یا سماجی پس منظر سے تعلق رکھنے والے دوست ہو سکتے ہیں۔
- یہ سمجھ لیں کہ لوگوں کے مذہبی، سماجی یا ثقافتی پس منظر سے قطع نظر سکول میں ہر شخص کا احترام کرنا چاہیے۔
- سکول کو صاف رکھنے کی اہمیت جان سکیں۔

downloaded from https://...

میرا نام سیما ہے۔ یہ میرا سکول ہے۔




Not For Sale - PESRP



Scanned with CamScanner

مجھے میرا سکول بہت پسند ہے۔ تمام اساتذہ بہت پیار سے پڑھاتے ہیں۔ میرے بہت سے دوست بھی ہیں۔ ہم مل کر پڑھتے ہیں۔ وقفے کے دوران ہم مل کر کھیلتے ہیں اور گھنٹی کی آواز سنتے ہی اپنے کمرۂ جماعت میں واپس چلے جاتے ہیں۔ اساتذہ کے علاوہ بھی کچھ لوگ سکول میں کام کرتے ہیں۔ مالی پودوں کو پانی دیتے ہیں، خاکروب سکول کی صفائی کرتے ہیں جب کہ سکول کے دفتر میں لوگ مختلف کام کرتے ہیں۔

**سرگرمی:**

1. میرے سکول کا نام ______________________ ہے۔
2. میرا سکول ______________________ میں ہے۔
3. میرے کلاس ٹیچر کا نام ______________________ ہے۔
4. میرے سکول کے ہیڈ ماسٹر / کی ہیڈ مسٹریس کا نام ______________________ ہے۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

ہماری ہیڈ مسٹریس سکول کے تمام کاموں کی نگرانی کرتی ہیں۔ وہ ہماری کلاس میں بھی آتی ہیں اور ہمیں سکول کے قوانین کے بارے میں بتاتی ہیں۔ یہ تمام قوانین ہمارے اپنے فائدے کے لیے ہیں۔ قوانین پر عمل کرنے سے ہم بہت ہی مشکلات سے بچ جاتے ہیں۔ کیا آپ اپنے سکول کے قوانین سے آگاہ ہیں؟ میں آپ کو اپنے سکول کے چند قوانین کے بارے میں بتاتی ہوں:

- صاف ستھرا یونیفارم پہننا
- کمرۂ جماعت اور سکول کو صاف ستھرا رکھنا
- وقت پر سکول آنا
- کمرۂ جماعت میں اجازت لے کر بات کرنا
- اسمبلی میں قطار بنانا
- بغیر اجازت کسی کی کوئی چیز نہ لینا

**برائے اساتذہ:**
بچوں کو قوانین کے احترام کی ترغیب دیں۔



Scanned with CamScanner

# میرے دوست



**پیارے دوستو!**

سکول میں میرے بہت سے دوست ہیں جو مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ ان کا تعلق بھی پاکستان کے مختلف علاقوں سے ہے۔ ایک غیر ملکی بچہ بھی میرا دوست ہے۔ ہم سب ایک دوسرے کی عزّت کرتے ہیں اور مدد بھی کرتے ہیں۔



**زبانی بتائیے:**

آپ اور آپ کے سکول کے دوست گھر میں کون سی زبان بولتے ہیں؟

آپ سکول اور کمرۂ جماعت کو صاف رکھنے کے لیے دوسروں کی مدد کیسے کرتے ہیں؟

**سرگرمی:**

سکول کے مختلف قوانین ہوتے ہیں۔ اپنے سکول کے چند قوانین کے بارے میں بات چیت کریں۔



Scanned with CamScanner

دسواں باب

# ذرائع آمدورفت


## حاصلاتِ تعلم

اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- ان ذرائع آمدورفت کے متعلق جان سکیں جو لوگ استعمال کرتے ہیں۔
- آہستہ اور تیز رفتار ذرائع آمدورفت میں فرق کر سکیں۔
- ان مقامات کے متعلق جان لیں جہاں بسیں اور ریل گاڑیاں رکتی ہیں، جہاز پرواز کرتے اور اترتے ہیں اور بحری جہاز لنگر انداز ہوتے ہیں۔
- بسوں کے اڈے، ہوائی اڈے، ریلوے سٹیشن اور بندرگاہ پر ہونے والی سرگرمیوں کو بیان کر سکیں۔

**پیارے بچو!**

جب آپ کسی ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہیں تو کوئی سواری استعمال کرتے ہیں۔ کسی قریب کی جگہ جانے کے لیے پیدل چلنے کے علاوہ سائیکل، موٹر سائیکل، تانگہ اور رکشہ وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔ دُور کے مقامات یا دوسرے شہر جانے کے لیے بس، ویگن، کار، ریل گاڑی یا ہوائی جہاز کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ملک سے باہر جانے کے لیے عام طور پر ہوائی جہاز یا بحری جہاز کا استعمال کیا جاتا ہے۔



**زبانی بتایئے:**

کیا آپ کبھی اپنے علاقے سے باہر گئے ہیں؟ وہاں جانے کے لیے آپ نے کون سی سواری استعمال کی؟



Not For Sale - PESRP

Scanned with CamScanner

# ذرائع آمدورفت



سائیکل



کار



تانگہ



بس



موٹرسائیکل



ریل گاڑی





ہوائی جہاز



بحری جہاز

downloaded from https://infohubhrmssissd.com/



Scanned with CamScanner

پیارے بچو!

جس جگہ سے بسیں ایک شہر سے دوسرے شہر جاتی ہیں، اسے بس اڈہ کہتے ہیں۔ لوگ دوسرے علاقوں کو جانے کے لیے ریل گاڑی کے سٹیشن پر جاتے ہیں۔ اسی طرح ہوائی اڈہ بھی ہوتا ہے جہاں سے لوگ جہاز کے ذریعے دوسرے شہر یا ملک جاتے ہیں۔ سمندر کے ذریعے ایک ملک سے دوسرے ملک جانے کے لیے بندرگاہ استعمال کی جاتی ہے۔



ہوائی اڈہ



بس اڈہ



ریلوے سٹیشن



بندرگاہ

**برائے اساتذہ:**

طلبہ کو بتائیں کہ بس، ریل گاڑی یا ہوائی جہاز میں سفر کرتے وقت ہمیں ایک دوسرے کا خیال رکھنا چاہیے۔ سفر کے دوران ہمیں صفائی کا بھی خاص خیال رکھنا چاہیے۔



Not For Sale - PESRP

## سرگرمی:

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

سب سے تیز رفتار سواری کون سی ہے؟






سب سے آہستہ چلنے والی سواری کون سی ہے؟





ہوائی جہاز کہاں سے پرواز کرتے ہیں؟





downloaded from https:// hubhrmssissed.com/

### زبانی بتائیے:

کیا آپ کبھی بس اڈے، ہوائی اڈے یا ریلوے سٹیشن گئے ہیں؟
اپنے ہم جماعتوں کو وہاں کی سرگرمیوں کے متعلق بتائیں۔



Scanned with CamScanner

# گیارھواں باب — ٹریفک قوانین

## حاصلاتِ تعلم

اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- چند ٹریفک قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔
- پیدل چلتے ہوئے، سڑک پار کرتے وقت اور بس وغیرہ میں سفر کرتے وقت حفاظتی قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔

Downloaded from https://infohubhrmssissed.com



کیا آپ سڑک پر پیدل چلتے ہیں؟

آپ پیدل چلتے ہوئے کن باتوں کا خیال رکھتے ہیں؟

آیئے! چند اہم ٹریفک قوانین کے متعلق جانتے ہیں:

## پیدل چلنا



اگر فٹ پاتھ موجود ہے تو اس پر چلیں۔

پیدل چلتے ہوئے سڑک کے دائیں جانب چلیں تاکہ آپ سامنے سے آنے والی ٹریفک کو دیکھ سکیں۔

## سڑک پار کرنا

سڑک پار کرتے وقت زیبرا کراسنگ کا استعمال کریں۔

اگر زیبرا کراسنگ موجود نہ ہو تو پہلے سیدھے ہاتھ اور پھر اُلٹے ہاتھ کی طرف دیکھیں کہ کوئی گاڑی تو نہیں آ رہی۔ اب ایک مرتبہ پھر سیدھے ہاتھ کی جانب دیکھ لیں۔ اگر سڑک خالی ہے، تو اسے پار کر لیں۔




Not For Sale - PESRP

Scanned with CamScanner

## سفر کرتے وقت

پیدل سفر کرتے ہوئے یا کسی بھی سواری پر جاتے وقت سڑک پر موجود ٹریفک کے نشانات پر نظر رکھیں۔ یہ ہمیں بتاتے ہیں کہ سُرخ بتی پر رُکنا، پیلی بتی پر چلنے کے لیے تیار ہونا اور سبز بتی پر چلنا ہے۔




downloaded from https://bhrmssissed.com/




ٹریفک کے قوانین پر عمل کرنا ہمیں اور ہمارے اردگرد کے لوگوں کو مشکلات سے بچاتا ہے۔



**زبانی بتائیے:**

اگر ہم ٹریفک کے قوانین پر عمل نہ کریں تو ہمیں کس قسم کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے؟



Scanned with CamScanner

## ہیلمٹ اور حفاظتی بیلٹ

موٹر سائیکل پر سفر کرتے وقت ہیلمٹ کا استعمال ہماری حفاظت کے لیے بہت ضروری ہے۔

اسی طرح گاڑی چلانے والے اور اس میں سفر کرنے والے افراد کا حفاظتی بیلٹ استعمال کرنا بھی ہماری حفاظت کرتا ہے۔






## ٹریفک سگنل

آپ نے ٹریفک سگنل تو دیکھا ہوگا! کیا آپ اس پر موجود تین رنگوں کی بتیوں کا مطلب جانتے ہیں؟

سرخ بتی: رُک جائیں

پیلی بتی: چلنے کے لیے تیار ہو جائیں

سبز بتی: اب آپ جا سکتے ہیں





**برائے اساتذہ:**
طلبہ کو ٹریفک کے عام فہم نشانات دکھا کر ان کا مطلب سمجھائیں۔



Scanned with CamScanner

## سرگرمی:

کیا آپ ان اشاروں کا مطلب سمجھتے ہیں؟

| | |
|---|---|
|  | یہاں گاڑی کھڑی کرنا منع ہے |
|  | پیدل سڑک پار کرنے کی جگہ |
|  | رفتار کی حد 60 کلومیٹر فی گھنٹا |
|  | رُک جایئے |
|  | اب آپ جا سکتے ہیں |



Scanned with CamScanner

# اچھے اخلاق اور عادات

## حاصلاتِ تعلم


اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- دوسروں کو السلام علیکم اور صبح بخیر وغیرہ کہہ کر سلام کر سکیں۔
- اچھے اخلاق کو سمجھ سکیں اور ان کی فہرست بنا سکیں (وقت کی پابندی کرنا، نرمی سے بات کرنا، مہربانی، ایمان داری اور سچائی)۔
- اچھے اخلاق کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- کھانے کے آداب کا مظاہرہ کر سکیں (کھانا ضائع نہ کرنا، صاف ہاتھوں سے کھانا، کھانے کو نیچے نہ گرانا)۔
- غیر صحت مند خوراک کھانے کے نقصانات سمجھ سکیں۔
- بیت الخلا استعمال کرنے کے آداب سیکھ سکیں۔

downloaded from https://infobohm...ised.com/



میرا نام عبداللہ ہے۔ میں جب کسی سے ملوں تو کہتا ہوں: السلام علیکم!
اس کا مطلب ہے کہ آپ پر سلامتی ہو۔



میرا نام انیتا ہے۔ میں جب صبح کسی سے ملوں تو کہتی ہوں: صبح بخیر!
لوگوں سے اچھے انداز سے ملنا ایک اچھی عادت ہے۔



**برائے اساتذہ:**
بچوں کو بتائیں کہ مختلف مذاہب کے لوگ ایک دوسرے سے ملتے وقت مختلف انداز میں سلام کرتے ہیں۔



Not For Sale - PESRP

Scanned with CamScanner

عبداللہ اور احمد دوست ہیں۔ عبداللہ کو احمد کی درج ذیل باتیں پسند ہیں:




downloaded from https://infohubhrmssissed.com/



**زبانی بتائیے:**

آپ کا پسندیدہ دوست کون ہے؟ اس میں کون سی اچھی عادات موجود ہیں؟



Scanned with CamScanner

## کھانے کے آداب

کیا آپ جانتے ہیں کہ ہمیں کھانا کھاتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

- کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونے چاہئیں۔
- کھانے کو ضائع نہیں کرنا چاہیے اور نہ ہی نیچے گرانا چاہیے۔
- منہ بند کر کے کھانا چاہیے۔ جب منہ میں نوالہ ہو تو بات نہیں کرنی چاہیے۔
- اپنے سامنے سے کھانا لینا چاہیے اور کسی چیز کی ضرورت ہو تو مانگ لینی چاہیے۔
- پھل، سبزیاں، دالیں، انڈے اور گوشت وغیرہ صحت بخش خوراک کا حصہ ہیں۔ یہ خوراک ہمارے جسم اور دماغ کو صحت مند رکھتی ہے۔

Downloaded from https://infohubforsissed.com/





**زبانی بتایئے:**

غیر صحت مند خوراک کھانے سے کیا نقصان ہو سکتا ہے؟

**برائے اساتذہ:**

طلبہ کو بتائیں کہ بیت الخلا استعمال کرنے سے پہلے اور بعد میں صابن سے ہاتھ دھونا ہمیں جراثیم سے محفوظ رکھتا ہے۔





Scanned with CamScanner

تیرھواں باب

# پودے اور جانور


## حاصلاتِ تعلّم

اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اپنے اِردگرد موجود جان دار اور بے جان چیزوں میں تمیز کر سکیں۔
- اپنے اِردگرد موجود پودوں کی پہچان کر سکیں اور مختلف پودوں میں فرق جان سکیں۔
- خوراک، سائے اور پناہ کے طور پر پودوں اور درختوں کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- اپنے اِردگرد موجود ان چیزوں کی پہچان کر سکیں جو پودوں سے بنتی ہیں۔
- کچھ عام پالتو اور جنگلی جانوروں کی پہچان کر سکیں اور جسمانی خدوخال کے اعتبار سے مختلف جانوروں میں فرق سمجھ سکیں۔
- جانوروں کی خوراک کو پہچان سکیں اور خوراک، تفریح اور باربرداری کے طور پر جانوروں کی اہمیت سمجھ سکیں۔
- جانوروں کے گھروں کی پہچان کر سکیں اور ان جانوروں میں تمیز کر سکیں جنھیں گھر میں پالا جا سکتا ہے یا نہیں پالا جا سکتا۔
- گھریلو اور جنگلی جانوروں اور پودوں کی بہتر دیکھ بھال کے طریقوں کی نشان دہی کر سکیں۔

downloaded from https://informationhrmsolved.com/

## جان دار چیزیں



میرا نام عبداللہ ہے۔ میں سانس لیتا ہوں، چلتا پھرتا ہوں اور کھانا کھاتا ہوں۔ پہلے میں بہت چھوٹا تھا مگر اب بڑا ہو رہا ہوں۔ میں ایک جان دار ہوں۔ یہ میرا گھوڑا ہے۔ یہ گھاس کھاتا اور پانی پیتا ہے۔ یہ بہت تیز دوڑتا ہے۔ اس کا ایک بچہ بھی ہے۔ وہ جب بڑا ہوگا تو وہ بھی تیز دوڑے گا۔ یہ بھی ایک جان دار ہے۔

تمام انسان، جانور اور پودے جان دار ہیں کیونکہ وہ سانس لیتے ہیں، حرکت کرتے ہیں، خوراک کھاتے اور پانی پیتے ہیں۔ وہ چھوٹے سے بڑے بھی ہوتے ہیں۔

Not For Sale - PESRP



Scanned with CamScanner

## بے جان چیزیں

وہ چیزیں جو اپنی جگہ سے خود حرکت نہیں کر سکتیں، سانس نہیں لیتیں اور نہ انھیں کھانے پینے کی ضرورت ہوتی ہے وہ بے جان کہلاتی ہیں۔ پہاڑ، برتن اور کھلونے بے جان ہیں۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com

**سرگرمی:**

درج ذیل تصاویر میں جان دار چیزوں کے سامنے جان دار اور بے جان چیزوں کے سامنے بے جان لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
|  | |  | |
|  | |  | |
|  | |  | |

**برائے اساتذہ:**

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ مزید جان دار اور بے جان چیزوں کے متعلق بتائیں۔



Scanned with CamScanner

# پودے اور درخت

ہماری زندگی کے لیے پودے اور درخت بہت ضروری ہیں۔



- یہ ماحول کو صاف رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔




- پودے ہمیں سایہ اور غذا فراہم کرتے ہیں۔
- پودے بہت سے پرندوں کا گھر بھی ہیں۔



پودے کئی اقسام کے ہوتے ہیں:

- کچھ خوشبودار پھولوں سے بھرے ہوتے ہیں۔
- کچھ مزیدار پھل فراہم کرتے ہیں۔



- درختوں کی لکڑی سے ہمارے استعمال کی بہت سی چیزیں بنتی ہیں۔

ہمیں درختوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

**زبانی بتائیے:**

اگر پودے اور درخت نہ ہوتے تو ہماری زندگی کیسی ہوتی؟

آپ کے اِردگرد موجود چیزوں میں سے کون سی چیزیں درختوں کی وجہ سے بنی ہیں؟

Not For Sale - PESRP



Scanned with CamScanner

## جانور

ہماری اس خوب صورت دنیا میں انسانوں اور پودوں کے ساتھ ساتھ بہت سے جانور بھی پائے جاتے ہیں۔




کچھ جانور چھوٹے ہوتے ہیں۔



کچھ جانور بڑے ہوتے ہیں۔




کچھ جانوروں کی کھال سخت ہوتی ہے۔



کچھ جانوروں کی کھال نرم ہوتی ہے۔



کچھ پرندوں کے پنجے بڑے ہوتے ہیں۔



کچھ جانوروں کے دانت نوکیلے ہوتے ہیں۔



Scanned with CamScanner

## پالتو جانور

کچھ جانور ایسے ہیں جنھیں ہم اپنے گھروں میں پال سکتے ہیں۔ہم انھیں پالتو جانور کہتے ہیں۔ان میں مرغی، بِلّی، بکری، گائے اور کچھ پرندے شامل ہیں۔






**کیا آپ ایسے ہی چند دوسرے جانوروں اور پرندوں کے نام بتا سکتے ہیں جنھیں ہم گھروں میں پال سکتے ہیں؟**

## جنگلی جانور

کچھ جانور ایسے ہیں جو جنگل میں رہتے ہیں اور عام طور پر گھروں میں نہیں پالے جاتے وہ جنگلی جانور کہلاتے ہیں۔ان میں شیر، ریچھ، سانپ اور مگرمچھ وغیرہ شامل ہیں۔





**آپ کا کیا خیال ہے کہ ہم جنگلی جانوروں کو گھر میں کیوں نہیں پالتے؟**

**سرگرمی:** اپنے پسندیدہ پالتو جانور کی تصویر بنائیں اور اپنے ہم جماعتوں کو اس کے متعلق بتائیں کہ آپ اس کا خیال کیسے رکھتے ہیں۔



Scanned with CamScanner

## جانوروں کی خوراک

جانور مختلف قسم کی خوراک کھاتے ہیں۔




کچھ جانور صرف گوشت کھاتے ہیں جیسے شیر اور چیتا۔




کچھ جانور صرف گھاس کھاتے ہیں جیسے گائے ،بھینس اور بکری۔







کچھ جانور گوشت اور گھاس دونوں کھاتے ہیں جیسے ریچھ اور بندر۔

Not For Sale - PESRP



Scanned with CamScanner

## جانور کہاں رہتے ہیں؟









### سرگرمی:

جنگلی جانور کے سامنے ڈبے میں سُرخ رنگ بھریں جب کہ پالتو جانور کے سامنے ڈبے میں سبز رنگ بھریں۔


- گائے ☐
- بکری ☐
- شیر ☐
- ہاتھی ☐
- گھوڑا ☐



Not For Sale - PESRP

## جانوروں کی اہمیت

جانور ہماری زندگی کے لیے انتہائی اہم ہیں۔کیا آپ جانتے ہیں کہ ہمیں جانوروں سے کیا حاصل ہوتا ہے؟




خوراک





بار برداری اور تفریح



**زبانی بتائیے:**

طلبہ دو گروپوں میں کام کریں۔ایک گروپ یہ بتائے کہ ہم جانوروں کی دیکھ بھال کیسے کر سکتے ہیں۔ دوسرا گروپ یہ بتائے کہ ہم پودوں کا خیال کیسے رکھ سکتے ہیں۔

Not For Sale - PESRP

# چودھواں باب　　زمین اور آسمان

## حاصلاتِ تعلم

اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- زمین کو ایک سیارے کے طور پر جان سکیں۔
- زمین کی ساخت کے متعلق جان سکیں۔
- یہ پہچان سکیں کہ زمین خشکی اور پانی سے مل کر بنی ہے۔
- دن اور رات کے وقت آسمان پر نظر آنے والے اجسام کو پہچان سکیں۔
- یہ سمجھ سکیں کہ سورج دن کے وقت خوب روشن ہوتا ہے اور ہمیں روشنی اور حرارت فراہم کرتا ہے۔
- یہ پہچان سکیں کہ چاند اور ستارے رات کے وقت آسمان پر چمکتے ہیں۔

زمین ہم سب کا گھر ہے۔ یہ ایک سیارہ ہے جو سورج کے گرد چکّر لگاتا ہے۔



زمین کا قریباً دو تہائی حصّہ پانی سے بھرا ہوا ہے۔

زمین کا قریباً ایک تہائی حصّہ خشکی پر مشتمل ہے۔

ہم خشکی پر رہتے ہیں۔



**برائے اساتذہ:**

بچوں کو دو تہائی اور ایک تہائی کا تصوّر آسان الفاظ میں سمجھائیں۔

بچوں کو زمین کی ساخت سادہ انداز میں بتائیں۔





Scanned with CamScanner


## زبانی بتائیے:

کون سے جانور خشکی پر اور کون سے پانی میں رہتے ہیں؟















Not For Sale - PESRP

Scanned with CamScanner



اگر دن کے وقت آسمان دیکھیں تو ہمیں کیا نظر آتا ہے؟

جی ہاں! ہمیں دن کے وقت آسمان پر روشن سورج دکھائی دیتا ہے۔

سورج ہمیں روشنی اور حرارت فراہم کرتا ہے۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com

شام کے وقت سورج غروب ہو جاتا ہے اور ہر طرف اندھیرا چھا جاتا ہے۔



رات کے وقت آسمان کی طرف دیکھیں تو ہمیں کیا دکھائی دیتا ہے؟

رات کے وقت چاند اور ستارے دکھائی دیتے ہیں۔



**ذرا سوچیے!**

یہ سورج، چاند اور ستارے سب اس دنیا کی خوب صورتی میں اضافہ کرتے ہیں۔

اگر یہ سب نہ ہوتے تو آسمان کیسا دکھائی دیتا؟



**برائے اساتذہ:**

طلبہ کو بتائیں کہ ہمیں سورج کی طرف براہ راست نہیں دیکھنا چاہیے۔



Scanned with CamScanner

سرگرمی:

درست جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ زمین کا زیادہ تر حصہ اس پر مشتمل ہے۔ | خشکی | پانی |
| 2۔ یہ ہمیں دن کے وقت حرارت فراہم کرتا ہے۔ | چاند | سورج |
| 3۔ یہ رات کے وقت آسمان پر چمکتا ہے۔ | سورج | ستارہ |
| 4۔ انسان زمین کے اس حصے پر رہتے ہیں۔ | خشکی | پانی |
| 5۔ زمین کیا ہے؟ | ستارا | سیارہ |

downloaded from https://infohubhnossissed.com/

سرگرمی:

گروپ میں کام کریں۔ایک چارٹ پر دن اور دوسرے چارٹ پر رات کو نظر آنے والے اجسام بنائیں اور اپنے ہم جماعتوں کو ان کے متعلق بتائیں۔

برائے اساتذہ:

بچوں کو گلوب (Globe) کی مدد سے زمین کا تصور سمجھائیں۔

سرگرمی:

زمین کی دی گئی تصویر میں خشکی والے حصہ میں سبز جب کہ پانی والے حصہ میں نیلا رنگ بھریں۔





Scanned with CamScanner